www.understnadquran.com

اس کتاب کو کیسے استعمال کریں

کتاب کے بارے میں:

''آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ'' نامی کتاب کی سیریز نرسری سے لے کر دوسری کلاس تک پڑھائی جاتی ہے۔ ایل کے جی کے طلبہ کے لیے ''آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ'' (ایل کے جی) تیار کی گئی ہے۔ یہ کتاب آسان انداز میں تجوید سکھانے کے لیے انڈر اسٹینڈ قرآن اکیڈمی کے اسلوب پر تیار کی گئی ہے۔ اس کتاب کو اس طرح مرتب کیا گیا ہے کہ اسکولی نصاب سے موافقت رہے اور پورے تعلیمی سال میں اسے پڑھایا جاسکے، ضرورت پڑنے پر اسے بڑی کلاس کے طلبہ کو بھی پڑھایا جاسکتا ہے۔

ایل کے جی کی یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے:

- پہلے حصہ میں ''آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ'' موجود ہے۔
- دوسرے حصہ میں اسلامیات شامل ہے۔

حصہ اول: سبق نمبر: 1 سے سبق نمبر: 12 تک تمام حروف تہجی (مکمل شکل میں) موجود ہیں تاکہ ان حروف کی اشکال، ان کی آواز اور ان کو لکھنے کی مشق پر توجہ رہے۔ اسباق میں موجود مشقوں کے ذریعہ طلبہ میں صوتی و بصری ذخیرۂ الفاظ کو تیار کیا جاتا ہے، آخر میں اساتذہ کے لیے معاون مواد رکھا گیا ہے کہ طلبہ کو کہانیوں اور دیگر سرگرمیوں کی مدد سے حروف کس طرح پڑھائے جائیں۔

نیز ٹیچر گائڈ میں قرآن لیب کی سرگرمیاں بھی دی گئی ہیں۔ سبق کے اعتبار سے دی گئی سرگرمیاں سیکھے ہوئے مضمون کو پختہ کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں، اسی طرح ان سرگرمیوں سے طلبہ سیکھنے کے عمل میں کتنا مشغول ہیں اس کا بھی پتہ چلتا ہے، جس کے نتیجے میں اعلیٰ درجہ کی تعلیم کا حصول ممکن ہوتا ہے۔

حصہ دوم: اس میں اسلامیات کے عنوان پر آسان اور سہل انداز میں اسباق دیے گئے ہیں، ہر سبق میں یہ مضامین شامل ہیں: عقائد، دعا، حدیث، اخلاق، سیرت، قرآن۔ ان مضامین کا انتخاب اس طرح کیا گیا ہے کہ طلبہ کو روزانہ کی زندگی سے مانوس لگیں اور عمل کرنے اور سمجھنے کے اعتبار سے آسان محسوس ہوں۔ روزانہ پڑھی جانے والی سورتیں اور بعض آیات، دعائیں اور اذکار زبانی یاد کروانے کا اہتمام کیا جائے۔

کورس کی ترتیب و تنظیم:

1. اس کورس کو بہتر انداز میں مکمل کرنے کے لیے ہفتہ بھر میں کم از کم چار تدریسی گھنٹے (پیریڈ) مطلوب ہیں۔
2. بہتر یہ ہے کہ انڈر اسٹینڈ قرآن اکیڈمی کی جانب سے سند یافتہ ٹیچر یہ کورس پڑھائے، ٹیچر ٹریننگ کی سند کے تعلق سے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔
3. یہ کورس اسمارٹ کلاس روم میں پریزینٹیشن اور ویڈیو کی مدد سے بھی پڑھایا جاسکتا ہے۔
4. یہ کورس ٹیکسٹ بک، ورک بک، پریزینٹیشن، ویڈیوز، پوسٹرز، فلیش کارڈز، گیمس اور ٹیچر گائڈ پر مشتمل ہے۔
5. سیکھنے کے عمل کو بڑھانے اور طلبہ کو مشغول رکھنے کے لیے قرآن لیب کی سرگرمیاں (activities) اس نصاب کا حصہ ہیں۔
6. مزید تفصیلات کے لیے ویب سائٹ سے رجوع کیا جائے: www.understandquran.com/teacher_resources.html

یہ تفصیل اس وقت ہے جب اس کورس کے لیے تیس ہفتے (3 پیریڈ/ہر ہفتہ = 90 پیریڈ مجموعی طور پر) مخصوص کیے جائیں۔ یہاں سالانہ شیڈول کا ایک نمونہ دیا جارہا ہے۔

سبق: 1 تا سبق: 12 میں ہر سبق کے لیے چار پیریڈ مطلوب ہیں۔ پہلے پیریڈ میں حروف کی تشریح اور مشق ہو جبکہ بقیہ پیریڈ قرآن لیب کے لیے ہوں۔ اس میں ورک بک اور دیگر تعلیمی سرگرمیاں کروائی جائیں۔ — مجموعی پیریڈ: 48 پیریڈ

اسلامیات (8 اسباق – ہر سبق کے لیے 2 پیریڈ، اعادہ کے لیے ایک پیریڈ) — مجموعی پیریڈ: 24 پیریڈ

کوئز، امتحان اور اعادہ — مجموعی پیریڈ: 18 پیریڈ